انگریزی ادر انگریزی تعلیم کی الحاد پروری کا تجربہ یونیورسٹی کی ملازمت سے پنشن لینے کے بعد ہی ہوا پہلے نہ ہوا تو معلوم نہیں مولانا اس کا جواب کیا دیں گے ۔ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۔ بہرحال مجموعی حیثیت سے کتاب مفید اور لائق مطالعہ ہے ۔

قادیانی مذہب و مقدمہ قادیانی مذہب از جناب الیاس برنی کتابت وطباعت بہتر ناشر شیخ محمد اشرف تاجر کتب کشمیری بازار لاہور ۔ ہندوستان میں ملنے کا پتہ : ۔ تاج آفس محمد علی روڈ بمبئی ۔

پروفیسر الیاس برنی کی مشہور و معروف اور نہایت مقبول کتاب قادیانی مذہب جس نے قادیانی تحریک پر ایک ایسی ضرب کاری لگائی ہے جس سے اس کا پنپنا مشکل ہے اس کا پانچواں اڈیشن بارہ سو صفحات پر شائع ہوا تھا بنظر ثانی اور بہت کچھ اضافوں کے ساتھ اب اس کتاب کا چھٹا اڈیشن شائع ہوا ہے جو بڑی تقطیع کے ساڑھے نوسو صفحات پر پھیلا ہوا ہے اور چونکہ اس کا مقدمہ طویل ہوتے ہوتے خود ایک مستقل تصنیف ہوگیا تھا اس بناء پر اس کو الگ شائع کیا گیا ہے جو چھوٹی تقطیع کے پونے تین سو صفحات پر پھیلا ہوا ہے ۔ اب اس مقدمہ کی حیثیت متن کی اور اصل کتاب کی حیثیت تفصیل و شرح کی بن گئی ہے اور بعض اعتبارات سے یہ دونوں الگ الگ دو مستقل تصنیفات بھی ہیں جن کی افادیت بجائے خود اوہ مستقل ہے امید ہے کہ یہ دونوں کتابیں بھی حسب سابق مقبول و پذیرا ہوں گی اور فاضل مصنف کو ان کی خالصۃً لوجہ اللہ غیر معمولی کاوش و جگر سوزی کا صلہ ملے گا اصل کتاب قادیانی مذہب کی قیمت آٹھ روپیہ اور مقدمہ کی قیمت دو روپیہ ہے ۔

فروزاں از جناب جذبی تقطیع کلاں ۔ طباعت وکتابت نہایت بہتر اور دیدہ زیب ۔ ضخامت ۱۳۵ صفحات قیمت مجلد مع خوبصورت گردپوش کے تین روپے پتہ : ۔ آزاد کتاب گھر کلاں محل دہلی ۔

جناب جذبی اردو کے مشہور نوجوان شاعر ہیں جن کے کلام میں حسن شعر کے فطری اصول کی رعایت کے ساتھ شعر و ادب کے جدید تقاضوں کی ترجمانی بھی پائی جاتی ہے گویا ان کا کلام نغمہ بزم بھی ہے اور طبل جنگ بھی اس میں درد اور سوز و گداز بھی ہے اور خودداری جرأت اور انقلاب آفرینی بھی ان کو غزل و نظم دونوں پر یکساں قدرت ہے اور اگرچہ وہ پرگو نہیں ہیں لیکن ان کو چند شعروں میں ہی اپنا مطلب بخوبی ظاہر کر دینے کا بہت اچھا سلیقہ ہے موصوف کے کلام کا مجموعہ پہلی مرتبہ سنہ ۴۳ء میں شائع ہوا تھا اب یہ اس کا دوسرا اڈیشن ہے جس میں پہلے اڈیشن کے بعد سے اب تک کی بھی نظمیں اور غزلیں شریک اشاعت ہیں ۔ امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے ۔

اور اس کے مطالعہ سے لطف اندوز ہوا سکے